6362-چیک کے ذریعہ قرض کی ادائیگی کی لیکن ابھی تک قرضہ دینے والے نے چیک کیش نہیں کروایا

سوال

میں نے ایک کمپنی سے کچھ مال خریدااورانہیں چیک دیا، اس معاملہ کوبہت مدت ہوچکی ہے لیکن کمپنی نے ابھی تک چیک کیش نہیں کروایا بلکہ اب توچیک بھی کارآمد نہیں رہااس کی مدت صلاحیت ختم ہوچکی ہے، توکیا میں ابھی تک ان کا مقروض ہوں یاکہ یہ ان کی غلطی ہے کہ انہوں نے ابھی تک چیک کیش نہیں کروایا ؟

پسندیدہ جواب

ہم نے مندرجہ
بالاسوال فضیلۃ الشیخ محمد بن صالح عثیمین رحمہ اللہ تعالی کے سامنے رکھا توانہوں
نے جواب دیا :

جی ہاں آپ ابھی تک ان کے مقروض ہیں
کیونکہ ابھی تک چیک کیش نہیں کروایا گیااوروہ رقم بینک میں آپ کے کھاتے میں ہی ہے
لھذا آپ ان کے مقروض ہی ہیں، کیونکہ چیک توایک قسم کا بینکوں پر حوالہ ہے (جس میں
یہ ہے کہ اتنی رقم چیک والے کودی جائے)

.